Trinitat Vella

سیوک سنٹر ترینیتات بییا

# ورکشاپس اور سرگرمیوں کی سہ ماہی پروگرامنگ

**جولائی 2023**



Ajuntament de Barcelona

## نقشہ




## اوقات

سنٹر کے اوقات
سوموار تا جمعہ، **9h** سے **21h** تک

خدماتی اوقات
سوموار تا جمعہ، **10h** سے **14h** اور **16h** سے **20h** تک

ہفتہ
**10h** سے **14h** اور **16h** سے **19h** تک

## پتہ

اسپائی فورادادا
**C/ Foradada, 36**
**08033** بارسلونا
ٹیلیفون: **933.457.016**
**informació@cctrinitatvella.cat**

## ہمیں فالو کریں

## پہنچنے کا طریقہ

بس نمبر: 11، 60، 62، 76، 126 اور V31
میٹرو: ترینیتات بییا (L1)

Districte de Sant Andreu

## سینما فورُوم


### گندا پانی: میکسیکو میں AGBAR کا کاروبار

بدھ، 5 جولائی، 19h سے 20h30
قیمت: مفت (1 سیشن)
سربراہی: Aula Ambiental de Enginyers اور Sant Andreu Sense Fronteres
اسکرپٹ اور ہدایت کاری: ویکتور یوستیس

Aigües de Barcelona کے سن 2001 میں میکسیکو میں کاروبار شروع کرنے کے وہاں کیا اثرات مرتب ہوئے ہیں؟ اِس کیس میں، یہ دستاویزی فلم بین الاقوامی کمپنی AGBAR کے جنوبی امریکا کے ممالک میں قانونی نرمی سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے پانی کے کاروبار میں منافع کمانے پر روشنی ڈالے گی۔

یہ دستاویزی فلم ہمیں اُن تحریکوں کے بارے میں معلومات فراہم کرے گی جو اِس کمپنی کی حرص کے خلاف لڑ رہی ہیں اور یہ کہ وہ کاتالونیا میں جمہوری اور پبلک پانی کی تحریک کے ساتھ کیسے میل کھاتی ہیں۔ اِس سیشن کے دوران آپ **شمسی توانائی سے بنے پاپ کورن** سے بھی لطف اندوز ہو سکیں گے۔

ضرور شرکت کیجیئے گا!




## گرمیوں میں ثقافتی سرگرمیاں

### صوفے پر بیٹھے پاکستان کا سفر

VdS

17 سے 21 جولائی کا ہفتہ
مقام: اسپائی فورادادا

Aاِس جولائی میں ہم ایک بار پھر سے ہمارے پسندیدہ سیشنز میں سے ایک منائیں گے۔ پاکستانی نژاد رہائشیوں کی طرف سے اہتمام کردہ ثقافتی نمائش کے ذریعے ہم پاکستان سفر کر سکیں گے۔ یہ ایک کمیونٹی پراجیکٹ ہے جس کا مقصد ایک دوسرے کو بہتر جاننا اور باریؤو کے ثقافتی تنوع کو منانے کے ساتھ ساتھ مختلف ممالک کے رہائشیوں کی ثقافت کے بارے میں جاننا ہے۔

صوفے پر بیٹھے بیٹھے اُن جگہوں کا سفر کریں جو بیَک وقت دُور اور نزدیک ہیں!

*مکمل پروگرامنگ کیلئے ویب پیج چیک کریں



## نمائشیں

### گرافیکا انارکستا۔ فوٹوگرافی اور سماجی انقلاب۔ 1936-1939

1 جون سے 28 جولائی تک
مقام: اسپائی فُورادادا
سربراہی: میمری ایسوسی ایشن برائے 'تریینتات بییئا کی تاریخ کی تحقیق اور فروغ' اور بارسلونا کا فوٹوگرافک ذخیرہ

سی این ٹی (CNT) اور ایف اے آئی (FAI) کے 'دفتر برائے پروپیگنڈا اور معلومات' نے سماجی انقلاب سے منسوب اُن تصاویر کو دریافت کیا جو تاریخ کی یاداشت میں کھو گئی تھیں۔

یہ تصاویر بارسلونا کی تاریخ کی پیچیدگی کو نمایاں کرتی ہیں اور 'ہسپانوی دوئم جمہوریت' اور 'ہسپانوی خانہ جنگی' کے دوران مزدوروں کی انارکی کی تحریک پر روشنی ڈالتی ہیں۔

## کنسرٹ

### اینریکے سانتیاگو: رُومبا اور فیوژن

جمعہ، 14 جولائی، 19 بجے
مقام: پلاسا Drets dels Infants

'بردوم' باریؤو کے رہائشی، اینریکے، میوزیکل سیزن کا اختتام ہمارے ہاں کریں گے۔ گیٹار اور آواز کے ساتھ رُومبا، فلامینکو اور لاطینی میوزک کے کچھ ورژنز گائیں گے اور آپ ڈانس کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔



# کلچرل پروگرامنگ

اس میں تمام سرگرمیاں مفت ہیں، ما سوائے چند کے جن کی نشاندہی کی جائے گی۔ ہر کسی کو آنے کی اجازت ہے، لیکن اس کیلئے پہلے سے ریزرویشن ضروری ہے، اور ایک شخص زیادہ سے زیادہ 4 ٹکٹس کی درخواست کر سکتا ہے۔

**مزید معلومات اور ریزرویشنز:**

نمائشیں

کنسرٹس

گرمیوں میں کلچرل سیشنز:

VdS صوفے پر بیٹھے سفر

## رضاکارانہ ورکشاپس

### آن لائن ڈانس

منگل، 18h30 سے 20h تک (3 سیشنز)
سربراہی: مرسیدیس اودیرو اور روبیرتو مارتین

اگر ڈانس کیلئے کوئی پارٹنر نہیں تو کوئی بات نہیں۔ ضرورت ہی نہیں!



## یک موضوعی ورکشاپس

### لافٹر تھراپی کی ورکشاپ (ہیلتھ اسکول)

سوموار، 17 جولائی، 10h سے 11h30 تک
قیمت: مفت (1 سیشن)
سربراہی: مارتا رنیہ

ہنسنا بہترین علاج ہے۔
لافٹر تھراپی کی ورکشاپ کے ذریعے ہم گروپ میں ہم آہنگی پر کام کرتے ہیں۔ ہیلتھ اسکول کی سرگرمی۔



### پیرُو کی ڈِش 'سےویچے' بنائیں

ہفتہ، 1 جولائی، 11h سے 13h تک
قیمت: 7€ اجزاء کیلئے
سربراہی: جُودیت لا روسا مارکیس

لاطینی امریکا کے مختلف ممالک کے مقبول اور پسندیدہ کھانوں میں سے ایک ڈِش، جس کا بنیادی جز سفید مچھلی ہے۔



## اسپائی فُورادادا

### کھلی ہوا میں شطرنج اور بورڈ گیمز

جولائی کی ہر جمعرات کو 18h30 سے 20h30 تک
مقام: پلاسا Drets dels Infants

خوشگوار ماحول میں اپنے دوستوں کیساتھ میچ کھیل سکیں گے اور خوشگوار وقت گزارنے کیساتھ ایک دوسرے کیساتھ (شطرنج کی) چالیں اور شیئر کر سکیں گے۔



### فری اسٹائل سلائی

جولائی، ہر منگل، 17h30 سے 19h تک
مقام: اسپائی فُورادادا
انتظامیہ: CVC اور Banc del Temps Trinitat Vella

آئیں اور سلائی سے متعلق اپنا تجربہ شیئر کریں، اگر سلائی کرنا نہیں جانتے تو اِس اوپن سنٹر میں فری اسٹائل سلائی (کروشیا، کشیدہ کاری) سیکھ سکتے ہیں۔



## انٹینسیو ورکشاپس

### ٹورکنگ (16+)

جمعرات، 17h30 سے 19h تک
قیمت: مفت (3 سیشنز)
سربراہی: کارمین کُوییار

ورکشاپ کا بنیادی مقصد رقص کے ذریعے خود مختاری حاصل کرنا ہے۔ یہ اپنی صنفیت کو دریافت کرنے اور اپنے پیلوک، ہِپ اور گلوٹس مسلز سے ربط قائم کرنے کا ایک اچھا موقع ہے۔
*آرام دہ لباس پہن کر آنا ضروری ہے۔

### تائی چی

منگل، 11h30 سے 12h30 تک
قیمت: 6€ (3 سیشنز)
جمعرات، 11h30 سے 12h30 تک
قیمت: 6€ (3 سیشنز)
سربراہی: فابیان بویے

تائی چی کی اصل خوبصورتی اسکی آہستگی میں ہے، جو توانائی، سکون اور راحت سے بھرپور ہوتی ہے۔ تائی چی کی مشق کرنا ایک صحت افزا تجربہ ہے، یہ آپکو زندگی کو ایک نئے انداز سے دیکھنے میں مدد کرتا ہے۔
*آرام دہ لباس پہن کر آنا ضروری ہے۔

### کارڈیو ٹریننگ

جمعرات، 19h سے 20h تک
قیمت: 6€ (3 سیشنز)
سربراہی: دولوریس کانیہرو

توانائی بخش مووومنٹ کے ذریعے آپ مسلز اور دل مضبوط کریں گے اور کیلوریز جلائیں گے۔
*آرام دہ لباس پہن کر آنا ضروری ہے۔

### عمر رسیدہ افراد کیلئے جِم (65+)

سوموار اور بدھ، 11h30 سے 12h30
قیمت: مفت (6 سیشنز)
سربراہی: دولوریس کانیہرو

اپنے جسم کو حرکت دیں اور پُرتپاک زندگی جیئیں۔ یہ ورکشاپ جسم کو توانا بنانے کے ضرورتمند عمر رسیدہ افراد کیلئے ہے۔ تریینتات بییئا کے رہائشیوں کو ترجیح دی جائے گی۔
*آرام دہ لباس پہن کر آنا ضروری ہے۔

# ورکشاپس سیوک سنٹر تریینتات بییئا

**ادائیگی:** داخلے کیلئے نام درج کرواتے وقت کارڈ کے ذریعے واحد ادائیگی کی جائے گی۔

**مخصوص کیسز** میں ورکشاپ کینسل ہونے کی صورت میں رقم واپس کی جائے گی۔

ورکشاپ کی قیمت میں **کمی یا ڈسکاؤنٹ** کیلئے سیوک سنٹر سے رابطہ کریں۔

**ورکشاپس کا آغاز:**
**3 جولائی کے ہفتے کے دوران**
**ورکشاپس کا اختتام:**
**17 جولائی کے ہفتے کے دوران**

**داخلہ:**
**6 سے 30 جُون تک**

**داخلے کی رسائی:**